ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس

فون:۔021-99212639

# پریس ریلیز

کراچی23اپریل2019:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے ٹارگٹ کلنگ و دیگر سنگین جرائم میں ملوث دو دہشت گردوں کی گرفتاری پر ڈی آئی جی سی آئی اے اور انکی ٹیم کی جرائم کے خلاف مؤثر کاروائیوں اور ٹھوس اقدامات کو سراہتے ہوئے شاباش دی ہے۔

تفصیلات کے مطابق ایس آئی یو نے لیاری گینگ وار کے بدنام زمانہ گینگسٹر سلطان عرف جبل ولد رحیم بخش کو ایک کاروائی کے دوران مواچھ گوٹھ سے گرفتار کر کے کلاشنکوف اور ہینڈ گرنیڈ برآمد کیا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق گرفتار دہشتگرد قتل، ڈکیتی، رہزنی اقدام قتل سمیت دیگر سنگین جرائم میں مفرور اور پولیس انتہائی مطلوب تھا۔

ایس آئی یو نے مذید ایک کاروائی کے دوران قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث ٹارگٹ کلر محمد کلیم ولد عبدالکریم کو اورنگی ٹاؤن کے علاقے سے گرفتار کر کے اسلحہ وغیرہ برآمد کیا ہے۔ پولیس نے دونوں ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے باقاعدہ تفتیش کا آغاز کردیا۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

# شکایات ازالہ/پولیس کاروائی مہم کے دوران 1258 شکایات پر فیصلہ کیا گیا۔

کراچی 23 اپریل 2019:۔

شکایات ازالہ/پولیس کاروائی مہم کے دوران پولیس رینج/زونز/اضلاع کے لحاظ سے مختلف نوعیت/مسائل بشمول پولیس برتاؤ، بدعنوانی،ایف آئی آر کا عدم اندراج،ناقص تفتیش،ذاتی تنازعات،جھگڑے ودیگر کے حوالے سے مجموعی طور پر 1962 شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 1258 پر متعلقہ پولیس اقدامات کے تحت مؤثر کاروائی عمل میں لاتے ہوئے حل کیا گیا۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے مذکورہ مہم کے دوران مجموعی طور پر عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ڈی آئی جیز شہید بینظیر آباد، لاڑکانہ،میرپور خاص جبکہ ضلعی ایس ایس پیز نوشہروفیروز، گھوٹکی،میرپورخاص، سانگھڑ،شہید بینظیر آباد، لاڑکانہ،شکارپور، قمبر، کشمور ،جیکب آباد،عمرکوٹ،تھرپارکراور ضلع سینٹرل کراچی کو شاباش دیتے ہوئے انکے لیئے بالترتیب تعریفی اسناد کا اعلان کیا ہے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔